## ڈاکٹر محسن رضا رضوی کا بہیمانہ قتل فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کی کڑی ہے۔الطاف حسین

## شیعہ کونسل کے رہنماء ڈاکٹر محسن رضا رضوی کے بہیمانہ قتل پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

لندن۔۔۔8جولائی2008ءؑ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شیعہ کونسل کے مقامی رہنماء ڈاکٹر سید محسن رضا رضوی کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کی ہے ۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ طالبانائزیشن کی سازش کرنے والے کراچی میں فرقہ وارانہ فسادات کی آگ بھڑکانا چاہتے ہیں اورڈاکٹر محسن رضا رضوی کا بہیمانہ قتل بھی اسی سازش کی کڑی ہے۔ جناب الطاف حسین نے ڈاکٹر محسن رضا رضوی کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیااور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے ۔بعدازاں جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ ایسے کرداروں کے خلاف فوری طور پر قانون کے مطابق کارروائی کرے جو مذہبی اور فقہی منافرت کو ہوا دے کر ملک کی جڑیں کھوکھلی کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ شیعہ سنی فسادات کروانے والوں کی سازش کو اپنے اتحاد سے ناکام بنائیں۔

## طارق عزیز کی والدہ کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔8جولائی2008ء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر پرویز مشرف کے معتمد خاص جناب طارق عزیز کو لندن سے فون کرکے ان کی والدہ کے انتقال پر اپنے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور انکے اہل خانہ کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے آمین۔

## پاکستان کو معاشی واقتصادی طور پر غیر مستحکم کرنے کیلئے دہشت گردوں نے کراچی کا رخ کیا ہوا ہے۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی

## شہر میں گزشتہ روز ہونے والے بم دھماکوں نے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو بے نقاب کردیا ہے

کراچی۔۔۔8، جولائی2008ء متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی کے مختلف علاقوں میں ہونے والے بم دھماکوں میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور دہشتگردوں کے نیٹ ورک کا فی الفور خاتمہ کرکے شہریوں کی جان و مال کو تحفظ فراہم کیا جائے ۔اپنے مشترکہ بیان میں اراکین قومی اسمبلی نے کہا کہ پاکستان کو صنعتی ، معاشی اور اقتصادی طور پر غیر مستحکم کرنے کیلئے دہشت گردوں نے کراچی کا رخ کیا ہوا ہے اور شہر میں گزشتہ روز ہونے والے بم دھماکوں نے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو بے نقاب کردیا ہے۔انہوں نے کہا کہ قبائلی علاقوں میں آپریشن کے بعد سے ہی ایک مرتبہ پھر ملک بھر میں دہشت گردی کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے ۔انہوں نے کہا کہ کراچی شہر باشعور طبقہ پر مشتمل عوام کا شہر ہے یہاں کثیر السانی اکائیاں بھی آباد ہیں،ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کے باعث یہاں کے عوام میں نہ صرف فرقہ وارانہ ہم آہنگی پائی جاتی ہے بلکہ وہ دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو نہ صرف سمجھ چکے ہیں بلکہ ان کو ناکام بنانے کیلئے متحد ہیں۔انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال انتہائی نازک ہے کیونکہ طالبان دہشت گردوں نے اب اپنا ٹارگٹ کراچی کو بنایا ہے اور وہ ملک کی شہ رگ کراچی کو کمزور کرکے ملک وقوم کو تنزلی کی جانب لیجانے کی گھناؤنی سازش کو بے نقاب کرچکا ہے۔ارکان اسمبلی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردی کے نیٹ ورک کو توڑنے کیلئے ہر ممکن اور مثبت اقدامات بروئے کار لائیں۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے اپنے محلوں اور علاقوں میں مشکوک عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور کسی بھی مشکوک سرگرمیوں کی اطلاع قریبی پولیس اسٹیشن کو دیں۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے بم دھماکوں میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم رنچھوڑ لائن، کورنگی، اورنگی ٹاؤن اور لیاقت آباد سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔8، جولائی2008ء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ یوسی 3-A کے کارکن محمد کاشف کے بھائی محمد ثاقب، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 74 کے کارکن جاوید مغل کے والد غلام سرور چشتی، ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 126 کی یونٹ کمیٹی کے رکن محمد شفیق قریشی کے والد عبدالقدیر طاہر اور ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 162 کے کارکن عادل حسین کے والد صابر حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار

لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## کراچی میں بم دھماکے شہر کا امن واستحکام تباہ کرنے کی سازش ہیں۔سردار خان انچارج پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی متحدہ
## قبائلی علاقوں سے کراچی آنے والے مذہبی انتہا پسند عناصر دہشت گردی کی کارروائیاں کرکے پختونوں کی بدنامی کا سبب بن رہے ہیں
## کراچی میں آباد پختون عوام قبائلی علاقوں سے آنے والے شرپسندوں کی سپورٹ نہ کریں

کراچی۔۔۔8، جولائی 2008ء متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار خان اورآرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے گزشتہ روز کراچی میں ہونے والے بم دھماکوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اوران واقعات کوشہر کا امن واستحکام تباہ کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین گزشتہ چند روز سے اس خدشہ کا اظہار کررہے ہیں کہ کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کی جارہی ہے اوراس مقصد کیلئے قبائلی علاقوں سے طالبان والوں کو بڑی تعداد میں کراچی لایا جارہا ہے۔پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ قبائلی علاقوں سے کراچی آنے والے طالبان اور دیگر مذہبی انتہا پسند عناصر کراچی میں دہشت گردی کی کارروائیاں کرکے کراچی میں برسوں سے آباد پختونوں کی بدنامی کا سبب بن رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین یہ واضح اعلان کرچکے ہیں کہ ہم قبائلی علاقوں سے آنے والوں کیلئے شیلٹر فراہم کرنے کیلئے تیار ہیں لیکن جوشرپسند دہشت گردی،اغوابرائے تاوان اورزمینوں پر ناجائز قبضے کررہے ہیں ہم ان عناصر کوانکی مذموم کارروائیوں کی اجازت نہیں دیں گے۔انہوں نے کراچی میں آباد پختون بھائیوں سے اپیل کی کہ وہ قبائلی علاقوں سے آنے والے شرپسندوں کی سپورٹ نہ کریں بلکہ ان پر کڑی نظر رکھیں کیونکہ ان شرپسند عناصر نے شمالی وقبائلی علاقہ جات کا امن تباہ کیا اوراب وہ کراچی آکر اپنی مذموم کارروائیوں کے ذریعے کراچی کے پختونوں کا بھی امن وسکون تباہ کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کراچی کی تمام جماعتوں سے بھی اپیل کی کہ وہ قومیت سے بالاتر ہوکر کراچی میں امن واستحکام اوراپنے بچوں کے بہتر مستقبل کیلئے اتحاد کا مظاہرہ کریں اوراپنے اتحاد کے ذریعے طالبانائزیشن کی سازشوں کوناکام بنائیں۔سردار خان اورآرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے گزشتہ روز بم دھماکوں میں زخمی ہونے والے افراد کی صحتیابی کی دعا کی اوران کے اہل خان سے ہمدردی کا اظہار کیا۔

## ایم کیوایم صوبہ سرحد ضلع ہزارہ کے سابق ضلعی آرگنائزر محمود احمد خان کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔8، جولائی 2008ء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم صوبہ سرحد ضلع ہزارہ کے سابق ضلعی آرگنائزر محمود احمد خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے محمود احمد خان مرحوم کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ محمود احمد خان مرحوم کی مغفرت فرمائے،انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اورلواحقین کوصبر جمیل عطا کرے۔

☆☆☆☆☆